


# 10- مختلف اقسام کے مکانات




ہم سب کو رہنے کیلئے مکان کی ضرورت ہوتی ہے۔ دھوپ' بارش، سردی اور گرد و غبار سے بچاؤ کیلئے ہم مکان میں رہتے ہیں۔ ہماری ہی طرح پرندے، جانور بھی مکانات بنا لیتے ہیں۔ کیا تمام مکانات ایک جیسے ہوتے ہیں؟ ایک دن شام کے وقت سلیم اور شازیہ کھیت سے اپنے والدین کے ساتھ گھر واپس ہو رہے تھے۔ سلیم اور شازیہ راستہ چلتے چلتے بازو میں موجود پہاڑ پر چڑھ گئے۔ اُنہوں نے پہاڑ کے اوپر سے گاؤں میں موجود مکانات دیکھے۔ وہ کس طرح نظر آئے، کس قسم کے مکانات ہیں آیئے دیکھیں گے !






کیا تمام مکانات ایک جیسے ہیں؟ کس کس قسم کے مکانات ہیں ؟
کیا گاؤں میں سب مکانات قریب قریب ہیں یا دور دور ہیں ؟

☆ ...... کیا دیکھ چکے ہو کہ! شازیہ کے گاؤں میں مکانات کیسے ہیں۔
☆ ...... گاؤں میں مختلف اقسام کے مکانات قریب قریب موجود ہیں نا!
☆ ...... تو پھر کیا آپ کے گاؤں/محلّہ میں بھی مکانات اسی طرح ہیں؟
☆ ...... آپ کے گاؤں/محلّہ/ میں کس قسم کے مکانات ہیں لکھئے؟
☆ ...... گاؤں میں تمام مکانات قریب قریب رہنے سے کیا فائدے ہیں ؟






یہ درسی کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے



## عارضی رہائش گاہیں :

سلیم اسکول آ گیا۔ جعفر نے دیکھا کہ سلیم پریشان ہے، کیوں کیا ہوا؟ جعفر نے پوچھا، سلیم نے کہا کہ رات میں تیز ہوائیں چلی ! ہماری تمام جھونپڑیاں گرگئیں تو پھر اب آپ لوگ کہاں رہ رہے ہو جعفر نے پوچھا: ہمارے لئے گاؤں کے باہر ڈیرے لگائے گئے۔ سلیم نے کہا کیا آپ نے کبھی ڈیرے دیکھے؟ انہیں کب دیکھا؟ کیوں ڈالے گئے تھے ہوں گے؟ سوچئے







**خانہ بدوش لوگ، سرکس کے لوگ عارضی رہائش گاہیں بنا لیتے ہیں۔ سیلاب، طوفان، سونامی، زلزلہ اور آگ کے حادثات وغیرہ سے متاثرہ افراد کے لئے عارضی رہائش گاہیں فراہم کئے جاتے ہیں**

سلیم اپنے ماموں کی شادی میں شہر گیا۔ سڑک کے کنارے موجود بڑے پائپوں کو دیکھا اُن پائپوں میں رہنے والے لوگوں کو دیکھ کر سلیم کو تعجب ہوا۔ کیا اس طرح پائپوں میں بھی لوگ رہائش اختیار کرتے ہیں؟ پائپوں میں لوگ کیوں رہائش اختیار کرتے ہیں اُس نے اپنے ماموں سے دریافت کیا؟ اُس کے ماموں نے کیا جواب دیا ہوگا؟ سوچئے :








**ڈیروں میں، پائپوں میں رہائش اختیار کرنے والے کن سہولیات سے محروم ہوتے ہیں لکھئے؟**
**ڈیرے اور پائپوں میں عارضی رہائش اختیار کرنے والوں کو کون کونسی مشکلات پیش آتی ہیں؟**

قحط کے دوران گاؤں میں کام نہ ملنے سے بعض لوگ روزگار کی تلاش میں شہروں کی طرف نقل مقام کرتے ہیں۔اس طرح شہر پہنچنے والوں کو رہنے کے لئے گھر نہیں ہوتے۔ان میں سے چند لوگ راستے کے بازو خالی نظر آنے والے پائپوں میں کھلی جگہوں پر ڈیرے یا جھونپڑیاں ڈال کر عارضی رہائش اختیار کرتے ہیں۔




سلیم نے شہر میں بڑی بڑی عمارتیں دیکھی۔اوہو! کتنے اونچے ہیں اس میں کون کون رہتے ہیں۔اُس نے ماموں جان سے پوچھا۔انہوں نے کہا شہروں میں جگہ کم رہنے کی وجہہ سے لوگ ایک ہی مقام پر کئی خاندان رہنے کے لئے اسطرح بڑی بڑی عمارتیں تعمیر کرتے ہیں انہیں اپارٹمنٹ کہتے ہیں۔



## ایسی عمارتیں آپ نے کبھی دیکھی ہیں ؟

شہروں میں زیادہ تر اپارٹمنٹ ہوتے ہیں۔عام طور پر ایک خاندان ایک مکان میں رہتا ہے۔اپارٹمنٹ میں کئی خاندان رہتے ہیں اس کے مطابق اپارٹمنٹ تعمیر کرتے ہیں۔ اس میں ایک خاندان کے رہنے کے مقام کو فلیٹ کہتے ہیں۔ ایک اپارٹمنٹ میں تقریباً 10 سے 30 خاندان رہ سکتے ہیں۔ بڑے شہروں میں 100 فلیٹ والے اپارٹمنٹ بھی ہوتے ہیں۔





آپ ڈیرے، پائیوں، اپارٹمنٹ سے متعلق معلومات حاصل کر چکے ہو۔ درج ذیل تصاویر دیکھئے ان میں سے آپکا گھر کس قسم کا ہے؟ بولئے :






تو پھر آپ کے دوستوں کے مکانات کس طرح کے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں؟
اپنے دوستوں سے پوچھئے، کس قسم کے مکانات میں رہتے ہیں؟

**درج ذیل جدول میں لکھئے :**

| دوستوں کے نام | مکانات کی قسمیں |
|---|---|
| | |

آپ کی طرح آپ کے دوست بھی فہرست تیار کر چکے ہیں! اُن سے پوچھ کر معلوم کیجئے کہ آپ کی جماعت میں کتنے لوگ کس قسم کے مکانات میں رہتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ کس قسم کے مکان میں رہتے ہیں بتائیے : **کیا آپ جانتے ہیں ؟**



یہ اگلو ہے۔ برفیلے علاقوں میں پایا جاتا ہے اسے برف سے بناتے ہیں



یہ کشتی گھر ہے، کشمیر، کیرالا ریاستوں میں اسطرح کے مکانات ہوتے ہیں



یہ لکڑی سے بنایا گیا گھر ہے یہ زلزلہ آنے والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں



© SCERT not to be republished



## مکان کی چھت :

آپ مکان سے متعلق معلومات حاصل کر چکے ہو! تو پھر مکان کی چھت کسے کہتے ہیں کیا آپ جانتے ہو؟

گھر کے اوپری حصہ کو چھت کہتے ہیں۔ **درج ذیل میں چند گھروں کی چھتوں کی تصاویر دیکھئے :**




کیا تمام گھروں کی چھتیں ایک جیسی ہیں؟ بعض چھتوں میں ڈھلوان ہیں نا! اور بعض چھت مسطح ہیں۔ پھر آپ کے گاؤں/محلّہ میں گھروں کی چھتیں کیسی ہیں، بتائیے :


**کیا آپ جانتے ہیں گھر کی چھت ڈھلوان کیوں ہوتی ہے؟ ایسا کیجئے ۔**



تین ٹن، تختیاں یا موٹے مقوے لیجئے۔ ایک ٹن کو زمین پر مسطح رکھئے۔ دوسرے ٹن کو اینٹ پر ڈھلوان شکل میں رکھئے۔ تیسرے کو دو اینٹوں پر ڈھلوان شکل میں رکھئے جیسا کہ تصویر میں بتایا گیا ہے۔




دو اینٹوں پر رکھا ہوا ٹن



ایک اینٹ پر رکھا ہوا ٹن



زمین پر رکھا ہوا ٹن



© SCERT not to be republished

اب ایک گلاس پانی لیجئے، اُسے پہلے ٹن پر ڈالئے اُس کے بعد دوسرے ٹن پر آخر میں تیسرے ٹن پر ڈالئے۔ کس پر ڈالا گیا پانی تیزی سے بہہ گیا؟

## بتایئے کیوں ؟

اوپر کی چھت ڈھلوان رہنے کی وجہہ سے پانی تیزی سے نیچے گر جاتا ہے۔ اس لئے گھر کی چھتیں ڈھلوان تعمیر کی جاتی ہیں جس کی وجہہ سے بارش کا پانی چھت پر نہ ٹھہر کر نیچے بہہ جاتا ہے۔

تو پھر بلڈنگ کی چھتیں ڈھلوان نہیں ہوتیں! تو پھر بارش کا پانی نیچے کیسے آئے گا؟

بلڈنگس، اپارٹمنٹ کی چھتیں مسطح نظر آتی ہیں لیکن ایک جانب تھوڑا ڈھلوان ہوتی ہے اُن پر گرنے والا پانی کسی ایک جانب بہنے کا اِنتظام کرتے ہیں۔ وہاں سے پائپ کے ذریعے نیچے آتا ہے۔


ہمارے رہنے کے مکانات مختلف قسم کے ہوتے ہیں اُن میں کویلو، جھونپڑی، دھابہ، ٹن وغیرہ نظر آتے ہیں یہ مستقل رہائش گاہیں ہیں۔ ڈیرے خیمے پائپ وغیرہ عارضی رہائش گاہیں ہیں جن میں بعض لوگ رہتے ہیں۔ تاہم شہروں میں اپارٹمنٹ بھی رہتے ہیں۔ اسی طرح بعض علاقوں میں وہاں کی ضروریات کے مطابق مکانات تعمیر کرتے ہیں۔ گھر کی چھتیں ڈھلوان ہوتی ہیں اسطرح رہنے سے بارش کا پانی نیچے گر جاتا ہے۔

### کلیدی الفاظ :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | گھر کے اقسام | 2. | خانہ بدوش | 3. | اپارٹمنٹ |
| 4. | فلیٹ | 5. | ڈھلوان | 6. | گھر کی چھت |
| 7. | اگلو | 8. | کشتی نما مکان | 9. | عارضی رہائش گاہ |

### ہم یہ سیکھ چکے ہیں

- جھونپڑی، کویلی، ٹن، دھابہ، ہمہ منزلہ عمارتیں جیسے مختلف قسم کے مکانات ہوتے ہیں۔
- سیلاب طوفان کے وقت عارضی رہائش گاہیں قائم کرتے ہیں۔ خانہ بدوش لوگ ڈیرہ جیسے عارضی مکانات میں رہتے ہیں۔
- شہروں میں اپارٹمنٹ کی طرح بعض علاقوں میں برف سے بنے ہوئے گھر لکڑی سے بنائے گئے گھر اور کشتی کے مکانات ہوتے ہیں۔
- گھر کی چھتیں ڈھلوان ہونے کی وجہہ سے بارش کا پانی تیزی سے نیچے بہہ جاتا ہے۔





## یہ کیجئے :

### مواد مضمون کا فہم :

1. درج ذیل مکانات میں کونسے عارضی مکانات ہیں؟ کیوں ؟ ڈیرے، اپارٹمنٹ، ٹن شیڈ، پائپ کے رہائش گاہ
2. آپ کے محلّہ میں موجود کوئی چار قسم کے مکانات کے بارے میں بتائیے ؟
3. گھروں کی چھتیں ڈھلوان ہوتی ہیں کیوں ؟
4. ذیل کے دو مکانات میں مشابہت وفرق بتائیے، لکھئے ؟










### تصویر اُتاریئے۔ رنگ بھریئے :

1. درج ذیل تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :





2. آپ کے گھر کی تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے،
آپ کے گھر سے متعلق لکھیے ؟





یہ درسی کتاب حکومت آندھراپردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے




## معلومات اکٹھا کرنا - منصوبہ کام :

1.آپ کے گھر کے قریب موجود چند مکانات دیکھئے۔ اُن کے چھت کیسے ہیں ذیل کے جدول میں لکھئے :

| نشان سلسلہ | گھر کے اقسام | گھر کی چھت | |
|---|---|---|---|
| | | مسطح | ڈھلوان |
| 1 | | | |
| 3 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |

- کس قسم کے مکانات زیادہ ہیں؟ ____________________
- چھتیں کیسی ہیں؟ ____________________________

2. ڈھنٹل، کاغذ، مقوہ، کاڑیاں، گھاس کا استعمال کرکے ایک مکان کا نمونہ تیار کیجئے۔




## توصیف :

1. خیمے، ڈیرے، پائپوں میں رہنے والوں کی ہم کس طرح مدد کر سکتے ہیں ؟



## سوال کیجئے :

جعفر نے حیدرآباد کے اپارٹمنٹ اور پائپوں میں رہنے والوں کا مشاہدہ کیا۔اُس نے اُن سے متعلق اپنے ماموں سے کئی سوالات کئے، بتایئے وہ سوالات کیا ہو سکتے ہیں ؟ اگر آپ ہوتے تو کیا سوالات پوچھتے ؟



## کیا یہ میں کرسکتا/کرسکتی ہوں؟



| | |
|---|---|
| ☆...... مختلف قسم کے مکانات کے متعلق وضاحت کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ☆...... مسطح چھت اور ڈھلوان چھت کے فرق کو بیان کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ☆...... مختلف قسم کے مکان اُتار کر رنگ بھر سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ☆...... مکانات سے متعلق معلومات اکٹھا کرکے فہرست لکھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ☆...... مختلف قسم کے مکانات سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |

© SCERT not to be republished